© rasailojaraid.com



کریں۔ ان نفوس قدسیہ کی حیاتِ طیبہ ہمارے لیے مشعلِ ہدایت ہے اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر آنے والی نسلیں معراجِ انسانیت پر پہنچ سکتی ہیں۔

الحمد للہ ایک عرصہ سے امت کی برگزیدہ ہستیوں اور نامور شخصیات کی سیرت و سوانح پر تاریخ کا ایک معتد بہا ذخیرہ محفوظ ہوا ہے اور مختلف اوقات و ادوار میں نابغہ روزگار افراد کے کارہائے نمایاں اور سوانح پر مشتمل عظیم الشان تاریخی مجموعے منظرِ عام پر آ گئے۔

انہی معتبر شخصیات اور عہد ساز افراد میں ایک نام شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان صاحب مرحوم کا ہے جن کی سوانح کو حضرت مخدوم مولانا عبدالمعبود صاحب مدظلہ نے کتابی شکل دے کر اہلِ ذوق اور ان کے معتقدین و تلامذہ کے لیے ایک بہترین مرقع تیار کیا ہے۔ حضرت شیخ القرآن مرحوم برصغیر کی جانی پہچانی شخصیت تھے انہوں نے ایک عرصہ تک قرآن اور تفسیر کی بھرپور خدمت کی اور ہزاروں کی تعداد میں تلامذہ و متوسلین نے ملک و بیرونِ ملک آپ سے استفادہ کیا۔ قومی و ملی تحریکات میں آپ نے بھرپور حصہ لیا اور اسی وجہ سے آپ کا قائم کردہ ادارہ دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار سیاسی سرگرمیوں کا مرکز رہا۔ اپنے مخصوص انداز اور طرزِ ادا کی وجہ سے آپ کی انفرادی شان اور خصوصیت تھی۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ آپ کی کامل اور مکمل سوانح حیات شائع کی جاتے، جس میں آپ کی حیات اور حالاتِ زندگی کی عکاسی کی گئی ہو، چنانچہ یہ فریضہ ہمارے مخدوم مکرم حضرت مولانا عبدالمعبود صاحب مدظلہ نے جو کہ کئی وقیع کتابوں کے مصنف اور مؤلف ہیں اور حضرت شیخ القرآن کے شاگرد اور تلمیذ خاص بھی، انہوں نے عقیدت و محبت میں ڈوبی ہوئی ان کی جامع سوانح ترتیب دی۔

آپ کے حالاتِ زندگی پر آپ کے دارالعلوم کے ترجمان جریدہ "تعلیم القرآن" نے خصوصی نمبر نکالا تھا، جس سے آپ کے معتقدین و متعلقین کا مداوا تو کیا گیا تھا، لیکن حضرت مولانا عبدالمعبود صاحب مدظلہ نے نئی سج دھج اور نئی آن شان سے آپ کی سوانح ترتیب دی۔ امید ہے تاریخ و سیر سے دلچسپی رکھنے والے خصوصاً اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے ـــ کتاب اپنی معنوی خوبیوں کے علاوہ ظاہری حسن سے بھی آراستہ ہے، کاغذ اعلیٰ، طباعت بہترین اور مضبوط جلد۔

**خطبات چشتی**

تالیف حضرت مولانا عبدالرؤف چشتی مدظلہ۔ صفحات ۵۶۰۔ قیمت ۱۵۰ روپے
ناشر: مکتبہ چشتیہ، متصل پل والی مسجد۔ وینس چوک اوکاڑہ پنجاب

حضرت مولانا عبدالرؤف چشتی ملک کے نامور خطیب اور مسلک حقہ کے ترجمان ہیں پیش نظر کتاب سیرتِ مصطفیٰ ﷺ پر انکے ۲۵ اعلیٰ خطبات کا دلچسپ مجموعہ ہے ـــ حضرت چشتی صاحب کا ارادہ ہے کہ صرف سیرت رسول ﷺ پر ۱۰۰ وقیع اور عظیم خطبات کو منظرِ عام پر لائیں جلد اول، اس سلسلہ کا نقشِ اول ہے جو ہر لحاظ سے

(بقیہ صفحہ ۵۶ پر)



© rasailojaraid.com